# اے پی اے۔ بین الاقوامی نفسیات کا ڈویژن۔ایک مختصر جائزہ ۔ ۲۰۰۸

منجانب: محمد اعظم طاہر (پی ایچ ڈی)۔ پاکستان

کافی سالوں کی منصوبہ بندی کے بعد ۲۱ فروری ۱۹۹۷ کو امریکن سائیکولوجیکل ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے ڈویژن ۵۲ "بین الاقوامی نفسیات" کے نام سے پاس کیا۔

اس ڈویژن کے مقاصد میں "بین الاقوامی سطح پر نفسیات دانوں کے بین الشخصی تعلقات کو مزید ترقی و ترویج دینا شامل ہے۔اس کے مزید مقاصد میں معلومات کی شراکت داری،فروغ سیاحت، بین المعاشرتی تحقیق کی حوصلہ افزائی اور کلینیکی پریکٹس کی ترقی شامل ہے۔ تا کہ ان کی مدد سے اے پی اے کے عمومی مقاصد فروغ دیا جا سکے"۔

گزشتہ ۱۰ برس کے دوران ڈویژن ۵۲، اے پی اے میں مندرجہ ذیل طریقہ ہائے کار کی بناء پر ایک غیر معمولی متحرک ڈویژن ثابت ہوا۔

۱۔آجکل Senel Poyrazli کی ادارت میں یہ ڈویژن "International Psychology Bulletin" کے نام سے ایک عمدہ مجلّہ شائع کرتا ہے جس میں پوری دنیا سے اعلیٰ ترین نفسیات دان و دیگر محققین نفسیات سے متعلق حقیقی تحقیقی مضامین شائع کرواتے ہیں۔

۲۔اس ڈویژن نے ویب ماسٹر (Richard Velayo & Shay Mann) رچرڈ ویلاؤ اور شے من کی نگرانی میں www.internationalpsychology.net کے نام سے ایک ویب سائٹ بھی تخلیق کی ہے جو اس کے ممبران کے متعلق تازہ ترین معلومات پیش کرتی ہے۔

۳۔ ہر سال اگست میں یہ ڈویژن اپنے ممبران کو براہ راست ملاقات کا متحرک موقع فراہم کرتا ہے۔ جہاں ممبران اور دیگر متعلقہ افراد اپنی تحقیق پیش کر سکتے ہیں۔ ۱۹۹۸ میں اے پی اے کے اس پروگرام میں ۳۹ ممالک سے ۱۲۰ شرکاء نے شمولیت اختیار کی تھی۔

۴۔ یہ ڈویژن سالانہ اعلیٰ کارکردگی ایوارڈ، بین الاقوامی نفسیات دانوں،سرپرست اساتذہ، تحقیقی طلبہ،خواتین / جنس پر تحقیق اور بہترین کتب پر انعامات کے لیے مختلف درخواستیں قبول کر کے، انعام کے حقداران کا اعلان بھی کرتا ہے۔

۵۔ ڈویژن ۵۲ اپنے ممبران کو اہم منصوبہ جات میں بھرپور شمولیت کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔جس کے دائرہ کار میں ۷۰ بین الاقوامی رابطہ جات، رچرڈ ویلاوء(Richard Velayo) کی طرف سے ممبران ماہانہ لسٹ کی تجدید، ایڈیٹر، اوئی گیلن (Uwe Gielen) اور ہیرلڈ تاکوشیان(Harold Takoshian) کی سربراہی میں بین الاقوامی نفسیات کی کتب کا اجراء ، مخاطبین کا دائرہ

کاراور کتب و دیگر اشیاء پر رعایت کے ساتھ ساتھ ممبران کے لیے دوسری مصنوعات بھی شامل ہیں۔

ڈویژن ۵۲ کے اجراء سے ہی اس کو اے پی اے کے سربراہان کی بھرپور مدد حاصل رہی ہے۔ جس میں بالخصوص اے پی اے کے سربراہ اعلیٰ ریمنڈ ڈی فالر (Raymond D. Fowler) خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔

ڈویژن ۵۲ کے پہلے ۱۲ صدور میں سے چار (جن پر * کا نشان ہے) اے پی اے کے صدور بھی رہے ہیں۔ اُن صدور میں ارنسٹ بیئر (Ernst Beier)، فلورنس ڈنمارک (Florence Denmark)، گلوریا گوگین *(Gloria Gottsegen*)، فرنیک فارلے (Frank Farley)، چارلس سپیل برگر *(Charles Spielberger*)، ہیرلڈ تاکوشیان (Harold* Takooshian)، رچرڈ ویلاؤ (Richard Velayo)، نورمن ایبلس (Norman Abeles)، جوائے کے۔ رائس* (Joy K. Rice*)، مائیکل جے سٹیونز (Michael J. Stevens)، اوئی پی گیلن (Uwe P. Gielen)، لائن ایچ کولینز (Lynn H. Collins) شامل ہیں۔

یہ ڈویژن ۱۹۴۴ میں قائم اے پی اے کی کمیٹی برائے بین الاقوامی تعلقات متعلقہ نفسیات کے ساتھ مل کر مشترکہ کام کرتا ہے۔ جس کے ذریعے امریکہ اور دُنیا بھر سے نفسیات دانوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ معمولی فیس کی ادائیگی پر نفسیات دان اور طلباء بین الاقوامی ڈویژن کے فعال ممبر بن سکتے ہیں۔

۲۰۱۰ میں اس ڈویژن کی ممبر شپ فیس طلباء کے لیے ۱۵ امریکی ڈالر اور نفسیات دانوں کے لیئے ۳۰ امریکی ڈالر تھی۔ کسی بھی مزید تفصیل کے لیئے ڈویژن ۵۲ کی ویب سائٹ www.internationalpsychology.net ملاحظہ کریں۔

آجکل ۵۲ ڈویژن اپنے ۶ مختلف بین الاقوامی رکنیت تنظیم اور اس کے مخصوص مشن کی بدولت ممتاز اہمیت کا حامل ہے۔ (Stevens & Wedding, 2006)

۲۔ IIAP۔ اطلاقی نفسیات کی بین الاقوامی ایسوسی ایشن ہے جس کا قیام ۱۹۲۰ میں عمل میں لایا گیا۔ دُنیا بھر سے حالیہ دور تک اس کے ۲۰۰۰ ممبران ہیں۔ IIAP ایک سہ ماہی جریدہ (Applied Psychology: An International Review) شائع کرتا ہے اور ۴ سالہ کانگریس بھی کرواتا ہے۔ (www.iaapsy.org)

۳۔ ICP۔ بین الاقوامی نفسیاتی کونسل کا قیام ۱۹۴۱ میں عمل میں آیا۔ ICP کے حالیہ دور تک دُنیا بھر سے ۸۰۰ ممبران ہیں۔ یہ کونسل ایک سہ ماہی نیوز لیٹر (International Psychologist) شائع کرنے کے ساتھ ساتھ سالانہ کنونشن بھی کرواتی ہے۔ (www.icppsych.tripod.com)

۴۔ IACCP۔ بین الاقوامی ایسوسی ایشن برائے بین الثقافتی نفسیات کا قیام ۱۹۷۲ میں عمل میں آیا۔ حالیہ دور تک اس کے ۸۰۰ ممبران ہیں۔

IACCP جرنل آف کراس کلچرل سائیکالوجی (Journal of Cross Cultural Psychology) شائع کرتی ہے اور دو ماہی میٹنگ منعقد کرواتی ہے۔(www.iaccp.org)

۵۔ IUPsyS ۔ بین الاقوامی یونین برائے نفسیاتی سائنس کا قیام ۱۹۵۱ میں عمل میں آیا۔ اس میں ۶۴ اقوام کا اتحاد شامل ہے (تاہم یہ یونین انفرادی رکنیت فراہم نہیں کرتی)۔ یہ یونین، بین الاقوامی جرنل آف سائیکولوجی (International Journal of Psychology) شائع کرتی ہے اور ۴ سالہ بین الاقوامی کانگریس برائے نفسیات کی میزبانی بھی کرتی ہے۔ (www.iupsys.org)

۶۔ IPSO ۔ بین الاقوامی تنظیم برائے نفسیات کا قیام ۱۹۹۹ میں عمل میں آیا۔ جو مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے نئے طلباء کے گروہوں پر مشتمل ہے۔(www.psychologystudents.org)

Reference: Stevens, M.J. & Wedding, D. (2006). (Eds.). Psychology: IUPsyS Global Resource CD, 2006. Hove, UK: Psychology Press. (www.psycpress.co.uk).

---

*یہ اعداد و شمار بنیادی طور پر امریکن سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن کے ڈویژن ۵۲ کا حقیقی جائزہ ہے، جس کی تیاری میں ۲۰۰۸ میں اس کے بیرونی دفتر کے افسران شامل ہیں۔